P.R.NO.11

# وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

## Press Release

## وفاقی محتسب نے اسلام آباد کے ایک تعلیمی ادارے میں خصوصی بچوں پر جسمانی تشدد کا ازخود نوٹس لے لیا

## انسانی حقوق کی وزارت سے ایک ہفتے میں رپورٹ طلب کر لی گئی

اسلام آباد (     ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسپیشل ایجوکیشن اسلام آباد کے اسٹاف کی جانب سے بعض خصوصی بچوں پر تشدد کی ٹی وی رپورٹ پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے انسانی حقوق کی وزارت سے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ طلب کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ٹی وی پر بریکنگ نیوز میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسپیشل ایجوکیشن کے اسٹاف کی طرف سے خصوصی بچوں پر جسمانی تشدد کی رپورٹ دکھائی گئی جس پر وفاقی محتسب نے 1983ء کے صدارتی حکم کے آرٹیکل 9(1) کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے اس انتہائی قابل اعتراض عمل پر ازخود نوٹس لے کر انسانی حقوق کی وزارت کے سیکرٹری سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزارت سے کہا گیا ہے کہ وہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر ایک ہفتے کے اندر واقعے کی رپورٹ کے ساتھ ساتھ اس میں ملوث افراد اور انتظامیہ کے خلاف لئے گئے ایکشن کی تفصیلات بھی فراہم کرے۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

22فروری2023ء